# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 08 October-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۸/اکتوبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے دورے پر؛ نئی ممبئی بین الاقوامی ہوائی اڈے کے افتتاح سمیت مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

☆ شدید بارشوں سے متاثر کسانوں کیلئے ریاستی حکومت نے کیا 31 ہزار 628 کروڑ روپئوں کی امداد کا اعلان۔

☆ تباہ شدہ فصلوں کیلئے ساڑھے تین لاکھ روپئے فی ہیکٹر اور ربیع ہنگام کیلئے 10 ہزار روپئے فی ہیکٹر کی امداد۔

☆ مخالف جماعتوں نے امدادی پیکیج کو معمولی قرار دیکر تنقید کا بنایا نشانہ اور کسانوں کی قرض معافی کے مطالبے کو دہرایا۔

☆ بامبے ہائی کورٹ نے کنبی رجسٹریشن پر OBC صداقت نامے دیئے جانے کے فیصلے پر روک لگانے سے کیا انکار۔

اور۔۔۔☆ RBI نے دھاراشیو کے سمرتھ اربن کوآپریٹیو بینک پر چھ ماہ کی لگائی پابندی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے دو روزہ دورے پر آرہے ہیں۔ وہ آج نئی ممبئی بین الاقوامی ہوائی اڈّے کا افتتاح کریں گے۔ ممبئی میٹرو کے تیسرے مرحلے اور ممبئی عظمیٰ میں عوامی ٹرانسپورٹ خدمات کیلئے ٹکٹیں فراہم کرنے والی ملک کی پہلی موبیلٹی ایپ ''ممبئی وَن'' کا افتتاح وزیرِ اعظم کے ہاتھوں عمل میں آئے گا۔ ساتھ ہی سرکاری صنعتی تربیتی اداروں کے نئے اور روایتی قلیل مدتی کورسیز کے پہلے بیچ کا آغاز بھی وزیرِ اعظم کریں گے۔ یہ پہل ریاست کے 400 ٹیکنیکل کالجز اور 150 سرکاری ٹیکنیکل ثانوی اسکولوں میں نافذ کی جائے گی۔

***** ***** *****

مرکزی کابینہ نے کل مہاراشٹر سمیت چار ریاستوں میں ریلوے منصوبوں کو منظوری دی ہے۔ اطلاعات ونشریات اور ریلوے کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کابینی اجلاس کے بعد یہ اطلاع دی۔ ان منصوبوں کے تحت ریاست میں 84 کلومیٹر طویل گوندیا- ڈونگرگڑھ اور 314 کلومیٹر طویل بھساول- وردھا ریلوے لائنیں شامل ہیں۔ بھساول- وردھا پروجیکٹ کے بارے میں مزید معلومات دیتے ہوئے وزیرِ موصوف نے کہا:

***Byte: Railway Minister Ashwini Vaishnav***

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتا رمن نے فِن ٹیک کمپنیوں سے آمدنی میں اضافے، نئی قسم کی پیداوار، Risk Managment جیسے بنیادی شعبوں پر توجہ مرکوز کرنے کی اپیل کی ہے۔ وزیرِ موصوفہ کل ممبئی میں چھٹے Global Fintech Fesr کا افتتاح کرتے ہوئے بول رہی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ ٹکنالوجی کے استعمال سے کارکردگی بہتر ہوتی ہے اور بدعنوانی کو روکا جاسکتا ہے۔ تاہم انھوں نے ٹکنالوجی کو ہتھیار کے طور پر استعمال نہ کرنے کی وکالت کی اور کہا کہ اسے فائدہ منتقلی اسکیمات کی طرح عوام کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کیا جانا چاہیے۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے شدید بارشوں سے متاثر کسانوں کی امداد کیلئے 31 ہزار 628 کروڑ روپئوں کے پیکیج کا اعلان کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل کابینہ کے اجلاس کے بعد صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ ریاست میں 68 لاکھ 69 ہزار 753 ہیکٹر رقبے پر فصلوں کا نقصان ہوا ہے۔ 29 اضلاع کے 253 تعلقہ جات کے دو ہزار 59 محصول حلقوں کے کسانوں میں یہ امداد تقسیم کی جائیگی۔ وزیرِ اعلیٰ نے کنوئیں کے بغیر کھیتی کرنے والے موسمی باغبانی کرنے والے کسانوں کو دی جانے والی امداد سے متعلق وزیرِ اعلیٰ نے معلومات دی۔ انھوں نے کہا:

***Byte: Chief Minister Devendra Fadnavis***

انھوں نے یہ بھی بتایا کہ تباہ شدہ فصلوں کیلئے ساڑھے تین لاکھ روپئے فی ہیکٹر اور ربیع ہنگام کیلئے ہر کسان کو 10 ہزار روپئے فی ہیکٹر کی مدد فراہم کی جائیگی۔ پھڑنویس نے کہا کہ حکومت دیوالی سے قبل زیادہ سے زیادہ کسانوں کو یہ امداد پہنچانے کی کوشش کررہی ہے۔ اس موقع پر نائب وزرائے اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے سمیت کابینہ کے کئی ارکان موجود تھے۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کہا کہ حکومت اس بات کا خیال رکھ رہے کہ کوئی بھی اس امداد سے محروم نہ رہے۔ جبکہ نائب وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے یقین دلایا کہ حکومت کسانوں کو بااختیار بنانے کیلئے تمام اقدامات کرے گی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے دھاراشیو ضلع صدر دتا کلکرنی نے ریاستی حکومت کی جانب سے کسانوں کو دیئے جانے والے راحتی پیکیج کو تسلی بخش اور بروقت بتایا۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر سے تعلق رکھنے والے نوجوان کسان یگنیش کاتبنے' نے اس پیکیج پر اطمینان کا اظہار کیا اور حکومت کا شکریہ ادا کیا۔

وہیں دوسری جانب کانگریس پارٹی کے ریاستی صدر ہرش وردھن سپکاڑ نے اس امداد کو معمولی قرار دیتے ہوئے تنقید کا نشانہ بنایا اور مطالبہ کیا کہ حکومت متاثرہ کسانوں کو فی ہیکٹر 50 ہزار روپئے امداد دے اور ساتھ ہی قرضے بھی معاف کرے۔

اسی طرح شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رہنماء اور سابق حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے سپکاڑ کے دونوں مطالبات کے ساتھ فصل بیمے کے اُصولوں میں نرمی کی مانگ کی۔ انھوں نے بتایا کہ ان کی پارٹی آج چھترپتی سمبھاجی نگر میں ضلع کلکٹر دفتر کے روبرو ان مطالبات کی یکسوئی کی خاطر احتجاج کرے گی۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ کے کل منعقدہ اجلاس میں دیگر کئی فیصلے کیے گئے۔ ان میں Gems & Jewellary پالیسی' شہروں کے گندے پانی کے ٹریٹمنٹ کی پالیسی اور ٹکڑے بندی پر پابندی کے قانون میں ترمیم کو منظوری دینا شامل ہے۔ کابینہ نے VJNT زمرے کے بچوں' گنا مزدوروں کے رہائشی آشرم اسکولوں اور ودّیا مندر آشرم اسکولوں میں غیر تدریسی ملازمین کیلئے پروموشن اسکیم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس کا فائدہ 980 آشرم اسکولوں کے غیر تدریسی عملے کو ہوگا۔

***** ***** *****

بامبے ہائی کورٹ نے کُنبی، مراٹھا-کُنبی اور کُنبی - مراٹھا ریکارڈ رکھنے والوں کو OBC صداقت نامے جاری کرنے کے حکومت کے فیصلے پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔عدالتِ عالیہ کے چیف جسٹس، جسٹس چندر شیکھر، اور جسٹس گوتم انکھڑ کی بینچ نے دائر درخواستوں پر ریاست کے سماجی انصاف محکمے کو جواب دینے کا حکم دیا ہے۔

***** ***** *****

ریزرو بینک آف انڈیا نے ریاست کے چند امدادِ باہمی بینکوں پر پابندیاں عائد کی ہیں۔ان میں ستارا کی جیجاماتا مہیلا سہکاری بینک کا اجازت نامہ منسوخ کر دیا گیا ہے۔اس بینک کے کھاتے داروں کو پانچ لاکھ روپئوں تک کی رقم واپس کی جائیگی۔شولاپور کے سمرتھ سہکاری بینک اور دھاراشیو میں سمرتھ اربن کوآپریٹیو بینک پر بھی چھ مہینوں کیلئے پابندی لگائی گئی ہے۔اسی کے ساتھ شرپور مرچنٹ کوآپریٹیو بینک پر عائد پابندیوں میں 8 جنوری 2026 تک توسیع کر دی گئی ہے۔

***** ***** *****

ریاستی تعلیمی بورڈ نے فروری - مارچ میں منعقد ہونے والے دسویں جماعت کے امتحان کیلئے آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ میں 27 اکتوبر تک توسیع کردی ہے۔یہ معلومات بورڈ نے دی۔

***** ***** *****

ریاست میں بجلی کے ملازمین، انجینئروں اور عہدیداروں نے ریاست کی تینوں پاور کمپنیوں میں جاری پرائیویٹائزیشن کے عمل کے خلاف یک روزہ ہڑتال کی کال دی ہے۔

دریں اثناء دھنگر برادری نے گذشتہ روز اپنے مطالبات کیلئے بیڑ ضلع کے گیورائی تحصیل دفتر کے سامنے دھرنا دیا۔وہیں پربھنی میں بنجارہ برادری نے ضلع کلکٹر دفتر پر احتجاجی مظاہرہ کیا اور مطالباتی محضر پیش کیا۔اسی طرح چیف جسٹس بھوشن گوائی پر حملے کے خلاف کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں مظاہرہ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

- ☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی آج مہاراشٹر کے دورے پر؛ نئی ممبئی بین الاقوامی ہوائی اڈے کے افتتاح سمیت مختلف پروگرامس کا انعقاد۔
- ☆ شدید بارشوں سے متاثر کسانوں کیلئے ریاستی حکومت نے کیا 31 ہزار 628 کروڑ روپئوں کی امداد کا اعلان۔
- ☆ تباہ شدہ فصلوں کیلئے ساڑھے تین لاکھ روپے فی ہیکٹر اور ربیع ہنگام کیلئے 10 ہزار روپے فی ہیکٹر کی امداد۔
- ☆ مخالف جماعتوں نے امدادی پیکیج کو معمولی قرار دیکر تنقید کا بنایا نشانہ اور کسانوں کی قرض معافی کے مطالبے کو دہرایا۔
- ☆ بامبے ہائی کورٹ نے کنبی رجسٹریشن پر OBC صداقت نامے دیئے جانے کے فیصلے پر روک لگانے سے کیا انکار۔
- اور۔۔۔☆ RBI نے دھاراشیو کے سمرتھ اربن کوآپریٹیو بینک پر چھ ماہ کی لگائی پابندی۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****